يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لِمَ تَقُولُونَ مَا لَا تَفْعَلُونَ

اے ایمان والو! کیوں کہتے ہو منہ سے جو نہیں کرتے؟

الْصَّفّ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيم

---

1. اللہ کی پاکی بولتا (تسبیح کرتا) ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور زمین میں، اور وہی ہے زبردست حکمت والا۔

2. اے ایمان والو! کیوں کہتے ہو منہ سے جو نہیں کرتے؟

3. بڑی بیزاری (ناپسندیدہ) ہے اللہ کے ہاں، کہ کہو وہ چیز جو نہ کرو۔

4. اللہ چاہتا ہے ان کو، جو لڑتے ہیں اس کی راہ میں قطار باندھ کر، جیسے وہ دیوار ہیں سیسہ پلائی۔

5. اور جب کہا موسیٰ نے اپنی قوم کو، اے قوم میری! کیوں ستاتے ہو مجھ کو؟ اور جانتے ہو کہ میں اللہ کا بھیجا آیا ہوں۔
اور جب وہ پھر گئے، پھیر دیئے اللہ نے ان کے دل۔
اور اللہ راہ (ہدایت) نہیں دیتا بے حکم لوگوں کو۔

6. اور جب کہا عیسیٰ مریم کے بیٹے نے، اے بنی اسرائیل! میں بھیجا آیا ہوں اللہ کا تمہاری طرف،
سچا (تصدیق) کرتا اس کو جو مجھ سے آگے (پہلے) ہے توریت (میں)
اور خوشخبری سُناتا ایک رسول کی، جو آئے گا مجھ سے پیچھے اس کا نام ہے احمد۔
پھر جب آیا اُن کے پاس کھلے نشان لے کر، بولے یہ جادو ہے صریح (کھلا)۔

7. اور اس سے بے انصاف کون ہے؟ جو باندھے اللہ پر جھوٹ اور اس کو بلاتے (دعوت دیتے) ہیں مسلمان ہونے کو۔
اور اللہ راہ نہیں دیتا بے انصاف لوگوں کو۔

.8 چاہتے ہیں کہ بجھائیں اللہ کی روشنی اپنے منہ سے۔ اور اللہ کو پوری کرنی اپنی روشنی، اور پڑے بُرا مانیں منکر۔

.9 وہی ہے جس نے بھیجا اپنا رسول راہ کی سوجھ (ہدایت) لے کر، اور سچا دین
کہ اس کو اوپر کرے دینوں سے سب سے، اور پڑے بُرا مانیں شریک والے۔

.10 اے ایمان والو! میں بتاؤں تم کو ایک سوداگری، کہ بچائے تم کو ایک دُکھ کی مار (عذاب) سے۔

.11 ایمان لاؤ اللہ پر اور اس کے رسول پر، اور لڑو اللہ کی راہ میں اپنے مال سے اور جان سے۔
یہ بہتر ہے تمہارے حق میں، اگر تم سمجھ رکھتے ہو۔

.12 بخشے وہ تمہارے گناہ، اور داخل کرے تم کو باغوں میں جن کے نیچے بہتی ہیں نہریں،
اور ستھرے گھروں میں، بسنے کے باغوں میں۔ یہ ہے بڑی مراد ملنی۔

.13 اور ایک اور چیز دے جس کو تم چاہتے ہو، مدد اللہ کی طرف سے اور فتح شتاب (جلدی)۔ اور خوشی سنا ایمان والوں کو۔

.14 اے ایمان والو! تم ہو مددگار اللہ کے،
جیسے کہا عیسیٰ مریم کے بیٹے نے یاروں کو، کون ہے کہ مدد کرے میری اللہ کی راہ میں؟
بولے یار، ہم ہیں مددگار اللہ کے،
پھر ایمان لایا ایک فرقہ بنی اسرائیل میں، اور منکر ہوا ایک فرقہ۔
پھر زور دیا (مدد کی) ہم نے ان کو جو یقین لائے تھے ان کے دشمنوں پر، پھر ہو رہے غالب۔

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com